DAY — 16 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | III | 04 | 1500 | J-372 | (U)

EDUCATION (78)

Time : 3 Hrs. (8 Pages) Max. Marks : 80

ہدایت :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) بائیں جانب کے اعداد سوال کے کُل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(۳) ہر سوال کو نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر ۱ :- **(الف)** دئے گئے متبادل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کر کے مکمل جملے دوبارہ لکھئے : (5) **[20]**

(۱) آزاد تعلیم ..... قسم کی تعلیم ہے۔

(الف) رسمی (ب) غیر رسمی

(ج) فطری (د) مخصوص

(۲) مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کا صدر دفتر ..... پر ہے۔

(الف) ممبئی (ب) پونہ

(ج) ناگپور (د) اورنگ آباد

(۳) بھارت کا مستقبل کمرۂ جماعت میں تیار کیا جارہا ہے، ایسا ..... میں کہا گیا ہے۔

(الف) یونیورسٹی تعلیمی کمیشن

(ب) ثانوی تعلیمی کمیشن

(ج) بھارتی تعلیمی کمیشن

(د) قومی تعلیمی پالیسی 1986ء

(۴) ''میرے سچّائی کے تجربات'' یہ ..... کی خودنوشت ہے۔

(الف) رابندر ناتھ ٹیگور

(ب) مہاتما گاندھی

(ج) ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر

(د) ڈاکٹر سروپلّی رادھا کرشنن

(۵) 'تعلیم ہی آج اور مستقبل کا ایک منفرد سرمایہ ہے' یہ ..... کا اہم فلسفہ ہے۔

(الف) ثانوی تعلیمی کمیشن

(ب) یونیورسٹی تعلیمی کمیشن

(ج) قومی تعلیمی پالیسی 1986ء

(د) بھارتی تعلیمی کمیشن

(ب) ایک یا دولفظوں میں جوابات لکھئے۔ (5)

(۱) اخبار، ماہ نامہ، کتابیں یہ ذرائع ابلاغ کے کون سے قسم کے ذرائع ہیں؟

(۲) آموزش کے دونظریات کے نام لکھئے۔ (الف) ——— (ب) ———

(۳) دستور کی کس دفعہ کے مطابق پرائمری تعلیم کا شمار بچّوں کے بنیادی حق کے طور پر کیا گیا؟

(۴) ثانوی تعلیمی کمیشن کی بنیاد کس سال رکھی گئی؟

(۵) کس آموزش میں کمپیوٹر کی تکنیک اور روایتی آموزش کا مرکّب ہوتا ہے۔

(ج) کالم 'الف' کے کالم 'ب' سے باہمی تعلق کو پہچانئے اور جوڑیاں لگایئے : (5)

(الف)	(ب)
(الف) تاریخی طریقۂ تحقیق	(۱) بصیرتی نظریہ
(ب) مجموعی فہم	(۲) موٹر درستی، سیاحت وغیرہ
(ج) مہارت پر مبنی تعلیم	(۳) زمانۂ ماضی سے منسلک
(د) ہم نصابی سرگرمیاں	(۴) سماجی کردار ادا کرنے کے لئے ذمہ دار بنانا
(ھ) سماجیانہ	(۵) بال ویر، ویر بالا، راشٹریہ چھاتر سینا

(د) ایک جملے میں جوابات لکھئے : (5)

(۱) اعادہ سے کیا مراد ہے؟

(۲) سوالنامہ سے کیا مراد ہے؟

(۳) سماجی تبدیلی سے کیا مراد ہے؟

(۴) بھارتی تعلیمی کمیشن کے صدر کون تھے؟

(۵) تجربہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر۲ :- درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے۔ (کوئی چار) : [8]

(۱)



(۲)



(۳)



(۴)



(۵)



(۶)



سوال نمبر۳ :- درج ذیل سوالات / بیانات کے مطابق اپنی رائے پیش کیجئے۔ (کوئی چار) : **[8]**

(۱) کمرۂ جماعت کی تنظیم ایک ہنر بھی ہے اور سائنس بھی۔

(۲) مہارت پر مبنی تعلیم سے روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوتا ہے۔

(۳) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات دونوں ہی ہوتے ہیں۔

(۴) تعلیم مادری زبان میں ہونی چاہیے۔

(۵) معیاری تعلیم بچّوں کی پسند کے ساتھ خوشگوار ماحول میں ہونی چاہیے۔

سوال نمبر۴ :- مختصر نوٹ لکھئے / تصوّرات مثالوں اور حوالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔ (کوئی چار) : **[8]**

(۱) سماجی تبدیلی۔

(۲) سوالنامہ۔

(۳) آموزش سرگرمی۔

(۴) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن۔

(۵) یونیورسٹی تعلیمی کمیشن۔

(۶) موبائل فون۔

سوال نمبر۵ :- درج ذیل نکات کی مدد سے فرق واضح کیجئے۔ (کوئی دو) : **[8]**

(۱) آموزش پر اثر انداز ہونے والے داخلی عوامل اور خارجی عوامل۔

(الف) تعریف

(ب) عوامل

(ج) خوبیاں

(د) خامیاں

(۲) تحریری امتحان اور زبانی امتحان۔

(الف) تعریف

(ب) سوالات کی قسمیں

(ج) خوبیاں

(د) خامیاں

(۳) تاریخی طریقۂ تحقیق اور بیانیہ طریقۂ تحقیق۔

(الف) تعریف

(ب) مثالیں

(ج) خوبیاں

(د) خامیاں

سوال نمبر۶ :- درج ذیل سوالات کے ۵۰ تا ۸۰ الفاظ میں جوابات لکھئے۔ (کوئی دو) : **[8]**

(۱) تجرباتی طریقہ کی خصوصیات۔

(۲) معذورین کے لئے سرکاری اسکیموں کی جانکاری۔

(۳) راجیہ پریکشا پریشد کے اہم کام۔

(۴) آموزش سرگرمی کی خصوصیات۔

سوال نمبر۷ :- درج ذیل سوالات کے ۱۰۰ تا ۱۵۰ الفاظ میں جوابات لکھئے۔ (کوئی دو) : **[10]**

(۱) سماجی تبدیلی میں معلم کا کردار۔

(۲) ''بچّوں کا مفت اور لازمی تعلیمی حقوق قانون 2009ء'' کی اہم تجاویز۔

(۳) آزاد تعلیم کی خصوصیات۔

سوال نمبر۸ :- درج ذیل نکات کی مدد سے مفصل جواب لکھئے۔ (کوئی ایک) : [10]

(۱) مہاتما گاندھی کے متعلق مفصّل معلومات لکھئے۔

(الف) تعلیمی خیالات

(ب) تعلیمی تعاون

(۲) نصاب کے مطابق درج ذیل نکات کی مدد سے معلومات دیجئے۔۔

(الف) نصابی عوامل

(ب) نصاب کے تشکیلی اصول

◆◆◆